سوال

کیاحج کرنے والااپنے ملک میں بھی قربانی کرے گا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حج کرنے والاعید کی قربانی نہیں کرے گا۔ حاجی پر ہدي (حج تمتع اورحج قران کرنے والاجوجانورذبح کرتا ہے، اسے ہدي کہتے ہیں) کرناواجب ہے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر ہدي کی تھی۔

اگرانسان اکیلاحج کررہاہو، اس کے اہل خانہ اپنے علاقے میں ہی ہوں، تواسے چاہیے کہ اتنی رقم چھوڑکرآئے جس سے اس کے اہل خانہ عید کے موقع پر قربانی کرسکیں۔ اس طرح گھر کا سربراہ حج کی وجہ سے ہدي کرے گا، اوراس کے اہل خانہ عید کی قربانی کریں گے؛ کیونکہ عید کی قربانی دیگرشہروں میں ہوتی ہے، مکہ میں حج کرنے والے کےلیے ہدي ہوتی ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی	فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ	فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد
فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بن محمد بلال		